ICOM®

INSTRUCTION MANUAL

VHF TRANSCEIVER

IC-V8

آئی کوم وی ۸

هدایاتی رساله

Icom Inc.

بسم اللہ الرحمن الرحیم

العظمة للّٰه

فہرست

پیش لفظ 2

اہم بات 2

وضاحت 4

حفظ ماتقدم 4

مہیا کئے گئے پرزہ جات 6

حفاظتی تربیت کی معلومات 7

فہرست .....

فوری حوالہ .....

تیاری .....

آپ کا پہلا رابطہ 11

ریپیٹر آپریشن 13

میموری چینلز کی پروگرامنگ 14

پُرزے 15

پرزوں کو جوڑنا .....

پینل کی تفصیلات 17

سوئچز، کنٹرولز، کیز اور کنیکٹرز .....

فنکشن ڈسپلے 23

بیٹری پیک 25

بیٹری پیک کا تبدیل کرنا 26

بیٹری کی احتیاط 27

بیٹری کو چارج کرنا 28
چارجنگ کے متعلق ہدایات 31
بیٹری کیس (کچھ ورژن کے لئے اختیاری) 32
بنیادی آپریشن (عملیات) 33
پاور کو آن کرنا 34
فریکونسی کو سیٹ کرنا 34
آڈیو اور سکویلش لیول کو سیٹ کرنا 36
ریسیو اور ٹرانسمٹ (آواز کا وصول اور نشر کرنا) 37
کی لاک فنکشن 37
ڈسپلے کی اقسام 38
رپیٹر آپریشن 39
عام 40
آف سیٹ فریکونسی 41
سب آڈیو ایبل ٹونز 41
آٹو رپیٹر فنکشن (صرف امریکی ورژن کے لئے) 42
میموری/کال آپریشن 44
عام 45
میموری چینل کو منتخب کرنا 45
کال چینل کو منتخب کرنا 45
میموری/کال چینل کی پروگرامنگ کرنا 46
چینل کے نام کی پروگرامنگ 47
میموری کو ٹرانسفر کرنا .....

ڈی ٹی ایم ایف میموری 50
ڈی ٹی ایم ایف کوڈ کی پروگرامنگ کرنا 51
ڈی ٹی ایم ایف کوڈ کو نشر کرنا 52
ڈی ٹی ایم ایف کوڈ کی نشر کرنے کی رفتار 52
اسکین آپریشن 53
اسکین کی اقسام 54
پروگرام کی ہوئی اسکین 55
میموری اسکین 56
چینلز کو اسکپ کرنا (چھوڑنا، کودنا) 56
فوقیت کو دیکھنا 57
اسکین کو دوبارہ حاصل کرنے کی حالتیں .....
سب آڈیو ایبل ٹونز .....
ٹون سکویلش 59
پاکٹ بیپ آپریشن 62
ٹون اسکین 63
پیجر/کوڈ اسکویلش .....
پیجر فنکشن 64
کوڈ کی پروگرامنگ 65
پیجر آپریشن 68
کوڈ اسکویلش 70
دیگر فنکشن .....
سیٹ موڈ 71

ابتدائی سیٹ موڈ 74
سی پی یو کو دوبارہ سیٹ کرنا 79
کلوننگ .....
اختیاری یونٹ .....
اختیاری UT-108 کی تنصیب 81
اختیاری MB-87 کی تنصیب 82
تفصیلات .....
اختیاری اشیاء .....

فوری حوالہ

Quick Reference

پیش لفظ

ICOM V-8 ایف ایم ٹرانسیور خریدنے کا بہت بہت شکریہ۔ یہ ٹرانسیور ان لوگوں کے لئے ڈیزائن کیا گیا ہے جو بہترین کوالٹی، کارکردگی اور ہر قسم کے حالات میں اعتماد چاہتے ہیں۔

خصوصیات

- 5.5 واٹ کی آؤٹ پٹ پاور
- MIL-STD810 درجہ کی پائیداری
- CTCSS and DTCS معیار کا ان کوڈر/ڈی کوڈر
- اختیاری DTMF ڈی کوڈر

اہم بات

- ٹرانسیور استعمال کرنے سے پہلے اس رسالہ میں دی گئی تمام ہدایات کو مکمل اور بغور پڑھیں۔
- یہ رسالہ ٹرانسیور کو استعمال کرنے کی نہایت اہم ہدایات پر مشتمل ہے، لہذا اسے بحفاظت سنبھال کر رکھیں۔

Icom, Icom Inc. اور اس کا نشان امریکہ، برطانیہ، جرمنی، فرانس، اسپین، روس اور دنیا کے دیگر تمام ممالک میں ICom Incorporated (Japan) کے رجسٹرڈ ٹریڈ مارکس ہیں۔

■ تیاری

● بیٹری پیک کی تبدیلی

بیٹری پیک کو تبدیل کرنے سے پہلے [POWER] کو ایک سیکنڈ کے لئے دبائیں تا کہ پاور آف ہو جائے۔
بیٹری ریلیز (لاک) کو آگے کی جانب دھکیلیں، بیٹری پیک کو اوپر کی جانب کھینچیں جبکہ ٹرانسیور کا رخ آپ سے دور ہو۔



● بیٹری کیس۔ کچھ ورژن کے لئے اختیاری

جب آپ ٹرانسیور سے ملحقہ بیٹری کیس BP-208 استعمال کر رہے ہوں تو (R6) AA سائز کی چھ عدد الکلائن بیٹریز نیچے دی گئی شکل کے مطابق تنصیب کریں۔



وضاحت

رسالہ میں جگہ جگہ پر کچھ الفاظ دیئے گئے، ان کی وضاحت درج ذیل ہے۔

لفظ	معنی	وضاحت
⚠WARNING	تنبیہ	جسمانی چوٹ، آگ لگنے کا خطرہ یا بجلی کا جھٹکا لگ سکتا ہے۔
CAUTION	احتیاط	آلے کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔
NOTE	یادداشت	اگر غفلت برتی جائے تو باعث تکلیف ہے البتہ جسمانی چوٹ، آگ یا بجلی کا جھٹکا لگنے کا اندیشہ ہرگز نہیں ہے۔

حفظ ما تقدم

⚠ ٹرانسمیٹنگ کے دوران ٹرانسیور کو ہرگز ایسے انداز میں نہ پکڑیں کہ اس کا انٹینا آپ کے جسم کے بہت قریب ہو یا وہ جسم کے برہنہ حصوں خصوصاً چہرے یا آنکھوں کو چھو رہا ہو۔ ٹرانسیور کی اعلی کارکردگی کا انحصار اس بات پر ہے کہ ٹرانسمیٹنگ کے دوران مائیکروفون آپ کے ہونٹوں سے 5 یا 10 سینٹی میٹر (2 سے 4 انچ) کے فاصلے پر ہو اور ٹرانسیور کا رخ افقی ہو۔

⚠ ٹرانسیور کو ہیڈ سیٹ یا دیگر صوتی آلات کے ساتھ بہت اونچی آواز میں ہرگز استعمال نہ کریں۔ ماہرینِ سماعت مشورہ دیتے ہیں کہ ٹرانسیور کو بلند آواز کے ساتھ مسلسل استعمال نہ کیا جائے۔ اگر آپ کان میں سنسناہٹ محسوس کریں تو ٹرانسیور کی آواز کم کر دیں یا اس کا استعمال موقوف کر دیں۔

- ٹرانسیور کو ہرگز 5 ایمپیئر سے زیادہ طاقت والے DC پاور سورس سے کنیکٹ نہ کریں۔ حادثاتی طور پر کرنٹ کے الٹ بہاؤ سے ٹرانسیور محفوظ شدہ ہے لیکن کرنٹ کی بہت زیادہ مقدار کے بہاؤ کے باعث ٹرانسیور تباہ ہو جائے گا۔

- الکلائن یا ڈرائی سیلوں کو کبھی بھی چارج کرنے کی کوشش نہ کریں۔ بیرونی پاور کنیکشنز بیٹریز کو بیٹری کیس میں چارج کرے گا۔ ایسا عمل نہ صرف بیٹری کیس بلکہ ٹرانسیور کو بھی نقصان پہنچا سکتا ہے۔

- PTT کو ٹرانسمیٹنگ کے دوران بلاضرورت نہ دبائیں۔

- ٹرانسیور کو ایسے مقام پر رکھیں جہاں یہ بچوں کی بے پرواہ استعمال سے محفوظ رہے۔

- ٹرانسیور کو حفاظتی تہہ کے بغیر برقی پٹاخیوں اور دھماکہ خیز مواد والے ماحول میں استعمال نہ کریں۔

- ٹرانسیور کو سورج کی براہ راست تیز روشنی میں رکھنے اور استعمال کرنے یا منفی دس درجے سینٹی گریڈ سے نیچے (+14°F) -10°C یا ساٹھ درجے سینٹی گریڈ (+140°F)+60°C سے اوپر درجہ حرارت میں استعمال سے گریز کریں۔

آئی کوم کے علاوہ کوئی دوسری بیٹری یا چارجر کا استعمال ٹرانسیور کی کارکردگی کو خراب کرسکتا ہے اور وارنٹی کو باطل کرسکتا ہے۔ ٹرانسیور کی پاور آف ہونے کے باوجود سرکٹس میں خفیف سا کرنٹ بہتا رہتا ہے اگر ٹرانسیور کو ایک لمبے عرصے تک استعمال نہ کرنا ہو تو بیٹری پیک یا کیس ٹرانسیور سے ہٹا دیں ورنہ بیٹری پیک یا Ni-Cd بیٹریز ضائع ہو جائیں گی۔

■ ٹرانسیور کے ساتھ مہیا کئے گئے پرزہ جات

ٹرانسیور کے ساتھ درج ذیل پرزے شامل ہیں۔



① انٹینا ..... ایک عدد

② بیلٹ کلپ ..... ایک عدد

③ 2251 OPT شیٹ ..... ایک عدد

④ AC اڈاپٹر ..... ایک عدد

⑤ بیٹری پیک ربیٹری کیس ..... ایک عدد

⑥ بیٹری چارجنگ اسٹینڈ ..... ایک عدد

حفاظتی تربیتی معلومات

CAUTION

اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کا RF الیکٹرومیگنیٹک انرجی کا افشا یا تشہیر FCC کی اجازت کردہ حدود کے اندر اندر ہو۔ ہمیشہ درج ذیل رہنما اصولوں پر کاربند رہیں۔

- ٹرانسیور کو صحیح طریقے سے انٹینا لگے بغیر آپریٹ نہ کریں، ایسا کرنے سے ٹرانسیور کو نقصان پہنچ سکتا ہے اور FCC کی اجازت کردہ حدود سے تجاوز کا باعث بھی ہوسکتا ہے۔ اس ٹرانسیور کے لئے مناسب انٹینا مینوفیکچرر یا مقررہ مجاز کی جانب سے مہیا کیا گیا انٹینا ہی ہے۔

- ٹرانسیور کو اس کے استعمال کے کل وقت کے پچاس فیصد سے زائد وقت کے لئے ٹرانسمیٹنگ کے لئے استعمال نہ کریں۔ (اصطلاح میں اس کو 50% ڈیوٹی سائیکل کہتے ہیں)۔ 50% سے زیادہ وقت کے لئے ٹرانسمیٹنگ FCC کی اجازت کردہ حدود سے تجاوز کا باعث ہوسکتا ہے۔ جب ریڈیو ٹرانسمیٹنگ کررہا ہوتا ہے تو "TX Indicator" روشن ہوتا ہے۔ PTT سوئچ کو دبانے سے ریڈیو ٹرانسمیٹنگ کرتا ہے۔

- ہمیشہ آئی کوم کے مجاز پرزہ جات (انٹینا، بیٹریز، بیلٹ کلپ، اسپیکر رمائیک وغیرہ) ہی استعمال کریں۔ غیر مجاز پرزہ جات کا استعمال FCC کی اجازت کردہ حدود سے تجاوز کا باعث ہوسکتا ہے۔

- ٹرانسمیٹنگ کے دوران انٹینا بدن سے ہمیشہ 2.5 سیٹی میٹر (ایک انچ) کے فاصلے پر رکھیں۔ اور ٹرانسیور کو اپنی بیلٹ میں لگانے کے لئے آئی کوم بیلٹ کا استعمال کریں۔ اگر آپ پیغام کے وصول کنندہ کو بہتر اور معیاری آواز مہیا کرنا چاہتے ہیں تو مائیک کو منہ سے کم از کم 5 سیٹی میٹر (2 انچ) دور رکھیں اور ذرا سا ایک جانب رکھیں۔

اوپر دی گئی تمام تفصیل استعمال کنندہ کو ریڈیو فریکوئنسی سے آگاہی کا ضروری علم اور FCC کی اجازت کردہ حدود میں رہتے ہوئے اس ریڈیو کو استعمال کرنے کو یقینی بنانے کے لئے معلومات فراہم کرتی ہے۔ ٹرانسمیشن کے دوران آپ کا آئی کوم ریڈیو RF (ریڈیو فریکوئنسی) انرجی پیدا کرتا ہے جو دوسرے آلات اور سسٹمز کے ساتھ مداخلت کرسکتا ہے۔ اس مخل سے بچنے کے لئے جہاں آپ کو ایسے سائن نظر آئیں تو اس علاقہ میں ریڈیو کو آف کردیں۔

ٹرانسیور کو الیکٹرومیگنٹ تابکاری سے حساسیت رکھنے والے علاقوں (جیسے ہسپتال، جہاز اور دھماکوں والی جگہ وغیرہ) میں بھی استعمال نہ کریں۔

BC-144/146 کے ساتھ چارجنگ کرنا

ٹرانسیور کے ساتھ منسلک یا غیر منسلک بیٹری کو اختیاری BC-144 تیز ترین چارجنگ فراہم کرتا ہے جبکہ BC-146 ریگولر (رسمی) چارجنگ فراہم کرتا ہے۔ درج ذیل اشیاء اضافی طور پر درکار ہوتی ہیں۔

• اضافی AC ایڈاپٹر (BC-144/146 کے ساتھ ایک عدد AD-99 مہیا کیا جاتا ہے)



• AD-99 کے بارے میں

سپیسر (B/C) کو ایڈاپٹر (A) کے ساتھ صحیح رخ میں نیچے دی گئی شکل کے مطابق منسلک کریں۔



رخ چیک کریں A

اور B

• سپیسر (B/C) کو ایڈاپٹر (A) کے ساتھ صحیح رخ میں اس طرح منسلک کریں کہ B کا نشان اوپر کی جانب اشارہ کر رہا ہو۔

- **انٹینا**

ٹرانسیور سے ساتھ انٹینا کو بائیں جانب دی گئی شکل کے مطابق منسلک کریں۔



- **بیلٹ کلپ**

ٹرانسیور سے ساتھ بیلٹ کلپ کو نیچے دی گئی شکل کے مطابق منسلک کریں۔

بیلٹ کلپ لگانے کے لئے



بیلٹ کلپ نکالنے کے لئے



آپ کا پہلا رابطہ

اب جبکہ آپ کا IC-V8 استعمال کے لئے تیار ہے ،اور آپ پہلی بار بات کرنے کے لئے پر جوش ہیں۔پیشتر اس کے ہم آپ کو کچھ بنیادی عملی اقدام بتائیں گے تا کہ آپ ایک خوشگوار تجربے سے روشناس ہوں۔

ڈیفالٹ سیٹنگ کے بارے میں

[VOL] کنٹرول فنکشن کو [▼]/[▲] کیز کے ساتھ ایڈجسٹ کر سکتے ہیں۔تاہم اس فوری حوالہ میں آسان ہدایت کے لئے فیکٹری ڈیفالٹ سیٹنگ کا استعمال کیا گیا ہے۔

بنیادی عملیات



۱) ٹرانسیور کو آن کرنا

اگرچہ آپ نے ایک نیا ٹرانسیور خریدا ہے لیکن اس کے باوجود QCC (کوالٹی کنٹرول چیک) کے عمل کی باعث کچھ سیٹنگ کی تبدیلی ضروری ہے۔فیکٹری ڈیفالٹ سیٹنگ سے CPU کی ری سیٹنگ نہایت اشد ضروری ہے۔

ٹرانسیور کو آن کرنے اور سی پی یو کی ری سیٹنگ کے لئے [SQL] اور [D•CLR] کو دبا کر رکھتے ہوئے [POWER] کو ایک سیکنڈ کے لئے دبائیں۔



۲) آواز کی آؤٹ پٹ کو ایڈجسٹ کرنا

[VOL] کو آواز کی مطلوبہ لیول (سطح) تک گھمائیں۔

۳) سکویلش لیول کو ایڈجسٹ کرنا

[SQL] کو دبا کر رکھتے ہوئے [▼]/[▲] کو اپنی مطلوبہ لیول پر ایڈجسٹ کرنے کے لئے دبائیں۔

۴) مطلوبہ فریکوئنسی کو ٹیون کرنا

آپ جس فریکوئنسی کو ٹیون کرنا چاہتے ہوں تو اس کے لئے [▼] [▲] کو دبائیں۔ ٹیون اسٹیپس کو کیسے ایڈجسٹ کیا جائے اس کیلئے صفحہ نمبر ۸ پر دی گئی ہدایات کو ملاحظہ کریں۔



- فریکوئنسی کو ایڈجسٹ کرنے کے لئے [▼]/[▲] کو دبائیں۔
کی پیڈ کی مدد سے کسی فریکوئنسی کو براہ راست بھی درج کیا جاسکتا ہے۔
- مطلوبہ فریکوئنسی کو درج کرنے کے لئے ۶ ہندسے (جو کہ ۱۰۰ میگا ہرٹز سے شروع ہوتے ہیں) درج کریں۔

فریکوئنسی کو سیٹ کرنے لئے تین سے پانچ تک ہندسے درج کریں پھر [ENT • #] دبائیں۔
اگر کوئی ہندسہ غلطی سے درج ہوگیا ہو تو اس کو مٹانے کے لئے [D • CLR] دبائیں۔

مثال نمبر ۱: 145.525 میگا ہرٹز کی فریکوئنسی سیٹ کرنا



مثال نمبر ۲: 144.800 میگا ہرٹز کی فریکوئنسی سیٹ کرنا

۵) آواز نشر اور وصول کرنا (ٹرانسمٹ اینڈ ریسیو)

آواز ٹرانسمٹ کرنے کے لئے [PTT] کو دبا کر رکھیں اور مائیکروفون میں بات کریں اور آواز کو وصول کرنے کے لئے [PTT] کو چھوڑیں۔

■ ریپیٹر آپریشن

۱) ڈپلیکس کو سیٹ کرنا



منفی ڈپلیکس یا مثبت ڈپلیکس کو منتخب کرنے کے لئے [A●FUNC] کو دبائیں اور پھر [4●DUP] کو متعدد بار دبائیں۔

USA ورژن میں آٹو ریپیٹر فنکشن ہوتا ہے لہذا اس میں ڈپلیکس سیٹنگ کی ضرورت نہیں ہے۔



۲) ریپیٹر ٹون



اگر ریپیٹر ٹون کی ضرورت ہو تو [A●FUNC] کو دبائیں اور [1●TONE] کو متعدد بار دبائیں حتی کہ ''♪'' کا نشان ظاہر ہو جائے۔



■ میموری چینلز کی پروگرامنگ

IC-V8 میں کل ایک سو سات (107) چینل ہیں (بشمول چھ اسکین ایجز اور ایک کال چینل)۔ یہ چینل اکثر استعمال ہونے والی فریکوئنسیز کو محفوظ کرنے اور ریپیٹر کی سیٹنگ وغیرہ کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔

۱) فریکوئنسی کی سیٹنگ

VFO موڈ میں، مطلوبہ فریکوئنسی کو دیگر مطلوبہ سیٹنگ (جیسا کہ ریپیٹر یا سب آڈیو ایبل ٹون) کے ساتھ سیٹ کریں۔

۲) میموری چینل کو منتخب کرنا



مطلوبہ میموری چینل کو منتخب کرنے کے لئے پہلے [A● FUNC] پھر [C● MR] اور پھر [▲]/[▼] متعدد بار دبائیں۔

"M" کا نشان اور میموری چینل کا نمبر جلے بجھے گا۔



۳) میموری چینل کو لکھنا (محفوظ کرنا)

× پروگرام کرنے کے لئے [AoFUNC] کو دبائیں اور پھر [CoMR] کو ایک سیکنڈ کے لئے دبائیں۔

× تین بار بیپ کی آواز سنائی دے گی۔

× پروگرامنگ کے بعد [CoMR] کو دبانے سے میموری چینل کا نمبر خود بخود بڑھتا رہتا ہے۔

باب نمبر ۱

پرزہ جات

Accessories

انٹینا

ٹرانسیور سے ساتھ انٹینا کو بائیں جانب دی گئی شکل کے مطابق منسلک کریں۔



بیلٹ کلپ

ٹرانسیور سے ساتھ بیلٹ کلپ کو نیچے دی گئی شکل کے مطابق منسلک کریں

بیلٹ کلپ لگانے کے لئے



بیلٹ کلپ نکالنے کے لئے



باب نمبر ۲

پینل کی تفصیل

Panel Description

پینل کی تفصیل

سوئچز، کنٹرولز، کیز اور کنیکٹرز



❶ کنٹرول ڈائیل [VOL]

والیوم لیول کو ایڈجسٹ کرنے کے لئے گھمائیں۔

❷ پاور سوئچ [POWER]

پاور آن/آف کرنے کے لئے ایک سیکنڈ کے لئے دبا کر رکھیں۔

❸ پی ٹی ٹی سوئچ [PTT]

آواز ٹرانسمٹ کرنے کے لئے اسے دبا کر رکھیں اور آواز کو وصول کرنے کے لئے اسے چھوڑیں۔

❹ اسکوئیلچ سوئچ [SQL]

اسکوئیلچ کو زبردستی کھولنے کے لئے اسے دبا کر رکھیں اور ٹرانسیور کو اسکوئیلچ لیول کی ایڈجسٹ ایبل حالت پر سیٹ کریں۔

❺ اپ/ڈاؤن کیز [▲]/[▼]

اس کی مدد سے آپریٹنگ فریکوینسیز کو منتخب کرتے ہیں۔

❻ کی پیڈ (صفحہ نمبر ۴ تا ۶)

آپریٹنگ فریکونسی اور ڈی ٹی ایم ایف کوڈز کو درج کرنے کے لئے اسے استعمال کیا جاتا ہے۔

❼ انٹینا کنیکٹرز

مہیا کیا گیا انٹینا کو جوڑنے کے کام آتا ہے۔

❽ [SP]/[MIC] جیک

بصورت ضرورت اختیاری اسپیکر، مائیکروفون یا ہیڈ سیٹ کو جوڑتا ہے۔ جب بیرونی مائیکروفون اور اسپیکر جڑا ہو تو اندرونی اسپیکر اور مائیکروفون کام نہیں کرتے۔

❾ فنکشن ڈسپلے (صفحہ نمبر ۷،۸)

◇ کی پیڈ (بٹن)

[A•FUNC]

ثانوی فنکشن تک رسائی دیتا ہے۔

[B•CALL]

کال چینل کو منتخب کرتا ہے۔(صفحہ نمبر 25)

[C•MR]

➥ میموری موڈ کو منتخب کرتا ہے۔ (صفحہ نمبر 25)

➥ [A•FUNC] کو دبانے کے بعد اسے دبانے سے میموری پروگرامنگ یا میموری کی ردوبدل کے موڈ میں داخل ہوجاتے ہیں۔(صفحہ نمبر ۲۶،۲۸)

➥ [A•FUNC] کو دبانے کے بعد اسے ایک سیکنڈ کے لئے دبانے سے VFO/میموری یا کال چینل کی تفصیلات کو میموری چینل، وی ایف او میں پروگرام یا منتقل کرتا ہے۔(صفحہ نمبر ۲۶،۲۸)

[D• CLR] وی ایف او موڈز کو منتخب کرتا ہے۔فریکونسی کو ڈائریکٹ درج کرنے کے عمل کو منسوخ یا اسکیننگ کو منسوخ کرتا ہے وغیرہ وغیرہ (صفحہ نمبر ۳۳،۱۶)

[1•TONE]

➥ میموری چینل کے انتخاب ،فریکونسی درج کرنے کے دوران "1" کے ہندسے کو درج کرتا ہے۔(صفحہ ۲۵،۱۶)

➥ [A•FUNC] کو دبانے کے بعد،سب آڈیو ایبل ٹون فنکشن کو منتخب کرتا ہے۔(صفحہ نمبر ۲۱،۳۷)

[2•P.BEEP]

➥ میموری چینل کے انتخاب ،فریکونسی درج کرنے کے دوران "2" کے ہندسے کو درج کرتا ہے۔(صفحہ ۲۵،۱۶)

➥ [A•FUNC] کو دبانے کے بعد، پاکٹ بیپ فنکشن کو آن/آف کرتا ہے۔(صفحہ نمبر ۳۹)

[3• T.SCAN]

➥ میموری چینل کے انتخاب، فریکونسی درج کرنے کے دوران "3" کے ہندسے کو درج کرتا ہے۔(صفحہ نمبر ۱۶،۲۵)

➥ [A•FUNC] کو دبانے کے بعد، ٹون اسکینگ کو شروع کرتا ہے۔ (صفحہ نمبر ۴۰،۲۳)

[4•DUP]

➥ میموری چینل کے انتخاب، فریکونسی درج کرنے کے دوران "4" کے ہندسے کو درج کرتا ہے۔ (صفحہ نمبر ۱۶،۲۵)

➥ [A•FUNC] کو دبانے کے بعد، ڈپلیکس فنکشن کو منتخب کرتا ہے۔ (duplex+ -duplex, simplex) صفحہ نمبر ۲۱)

[5•SCAN]

➥ میموری چینل کے انتخاب، فریکونسی درج کرنے کے دوران "5" کے ہندسے کو درج کرتا ہے۔(صفحہ نمبر ۱۶،۲۵)

➥ [A•FUNC] کو دبانے کے بعد، اسکینگ شروع کرتا ہے۔(صفحہ نمبر ۳۳)

[6•SKIP]

➥ میموری چینل کے انتخاب، فریکونسی درج کرنے کے دوران "6" کے ہندسے کو درج کرتا ہے۔(صفحہ ۱۶،۲۵)

➥ [A•FUNC] کو دبانے کے بعد، میموری موڈ کے دوران میموری سکپ سیٹنگ کو منتخب یا منسوخ کرتا ہے۔ (صفحہ نمبر ۳۴)

[7•PRIO]

➥ میموری چینل کے انتخاب، فریکونسی درج کرنے کے دوران "7" کے ہندسے کو درج کرتا ہے۔(صفحہ نمبر ۱۶،۲۵)

➥ [A•FUNC] کو دبانے کے بعد، پریارٹی واچ کو منتخب کرتا ہے۔(صفحہ نمبر ۳۵)

[8•SET]

➥ میموری چینل کے انتخاب ،فریکونسی درج کرنے کے دوران "8" کے ہندسے کو درج کرتا ہے۔(صفحہ نمبر ۲۵،۱۶)

➥ [A•FUNC] کو دبانے کے بعد، سیٹ موڈ میں داخل ہوجاتا ہے۔ (صفحہ نمبر ۴۸)

[9•HI/LO]

➥ میموری چینل کے انتخاب ،فریکونسی درج کرنے کے دوران "9" کے ہندسے کو درج کرتا ہے۔(صفحہ نمبر ۲۵،۱۶)

➥ [A•FUNC] کو دبانے کے بعد، ہائی یا لوآؤٹ پٹ پاور میں سوئچ کا کام کرتا ہے (صفحہ ۱۹)

[0•DTMF-M]

➥ میموری چینل کے انتخاب ،فریکونسی درج کرنے کے دوران "0" کے ہندسے کو درج کرتا ہے۔(صفحہ نمبر ۲۵،۱۶)

➥ [A•FUNC] کو دبانے کے بعد، ڈی ٹی ایم ایف میموری موڈ میں داخل ہوجاتا ہے (صفحہ ۳۰)

[*•OPTION]

ایک اختیاری پیجر یا کوڈ اسکولیلچ آپریشن موڈ کو منتخب کرتا ہے(صفحہ نمبر ۴۳)

[#•ENT]

➥ فریکونسی کو سیٹ کرتا ہے اگرچہ فریکونسی کے ۶ ہندسے درج نہ کئے ہوں۔(صفحہ نمبر ۱۶)

➥ [A•FUNC] کو دبانے کے بعد، ایک سیکنڈ کے لئے دبانے سے کی پیڈ لاک فنکشن آن /آف ہوتا ہے۔ پاور، پی ٹی ٹی، اسکولیلچ اور آڈیو لیول ایڈجسٹمنٹ کے بٹنوں کے علاوہ تمام کیز کو لاک کرتا ہے۔

فنکشن ڈسپلے



❶ فنکشن انڈیکیٹر

یہ نشان اس وقت ظاہر ہوتا ہے جب ثانوی فنکشن تک رسائی ہو رہی ہو۔

❷ سکپ چینل انڈیکیٹر

یہ نشان اس وقت ظاہر ہوتا ہے جب منتخب شدہ میموری چینل ''سکپ چینل'' پر سیٹ ہو۔

❸ ڈپلیکس انڈیکیٹر

ریپیٹر فنکشن کے دوران - یا + دونوں میں سے کوئی سے بھی یا دونوں نشان اس وقت ظاہر ہوتے ہیں

❹ ٹون انکوڈر انڈیکیٹر

یہ نشان اس وقت ظاہر ہوتا ہے جب ٹون انکوڈر استعمال میں ہو۔

❺ پاکٹ بیپ انڈیکیٹر

پاکٹ بیپ آپریشن کے دوران یہ نشان ظاہر ہوتا ہے۔

❻ ٹون اسکوئیلچ انڈیکیٹر

یہ نشان اس وقت ظاہر ہوتا ہے جب ٹون اسکوئیلچ استعمال میں ہو۔

❼ ڈی ٹی سی ایس انڈیکیٹر

یہ نشان اس وقت ظاہر ہوتا ہے جب ڈی ٹی سی ایف کا استعمال ہو رہا ہو۔

❽ ٹرانسمٹ انڈیکیٹر

ٹرانسمٹ کے دوران یہ نشان ظاہر ہوتا ہے۔

❾ سگنل انڈیکیٹر

یہ نشان اس وقت ظاہر ہوتا ہے جب چینل مصروف ہو یا سگنل کی قوت کو درج ذیل شکل کے مطابق دکھایا جا رہا ہو۔

طاقتور ← سگنل کی قوت → کمزور

❿ لو پاور انڈیکیٹر

یہ نشان اس وقت ظاہر ہوتا ہے جب آؤٹ پٹ پاور کو منتخب کیا گیا ہو۔

⓫ کی لاک انڈیکیٹر

یہ نشان اس وقت ظاہر ہوتا ہے جب کی لاک فنکشن آن ہو۔

⓬ فریکونسی ریڈ آؤٹ

فریکونسی، چینل کا نمبر یا چینل کا نام دکھاتا ہے۔

⓭ میموری چینل انڈیکیٹر

منتخب شدہ میموری چینل نمبر یا دوسری چیزیں جیسا کہ کال چینل کو ظاہر کرتا ہے۔

⓮ میموری موڈ انڈیکیٹر

میموری موڈ یا چینل نمبر ظاہر ہونے کے موڈ کے دوران یہ نشان ظاہر ہوتا ہے۔

⓯ آٹو پاور آف انڈیکیٹر

یہ نشان اس وقت ظاہر ہوتا ہے جب آٹو پاور آف فنکشن فعال ہو۔

باب نمبر۳

بیٹری پیکس

Battery Packs

■ بیٹری پیک کو بدلنا

بیٹری پیک کو تبدیل کرنے سے پہلے [POWER] کو ایک سیکنڈ کے لئے دبائیں تا کہ پاور آف ہو جائے۔

- بیٹری ریلیز (لاک) کو آگے کی جانب دھکیلیں، بیٹری پیک کو اوپر کی جانب کھینچیں جبکہ ٹرانسیور کا رخ آپ سے دور ہو۔



◇ بیٹری پیکس

بیٹری پیک	وولٹیج	گنجائش	BC-146	BC-144 BC-121	بیٹری کی لائف*1
BP-208	6عدد AA الکلائین کیلئے بیٹری کیس		N/A	N/A	*2
BP-209	7.2 V	1100 mAh	12 گھنٹے	1.5 گھنٹے	7.5 گھنٹے
BP-210	7.2 V	1650 mAh	8.5 گھنٹے	2.0 گھنٹے	11 گھنٹے
BP-222	7.2 V	600 mAh	6.5 گھنٹے	1 گھنٹہ	4 گھنٹے

*1 آپریٹنگ کے دورانیے کا حساب درج ذیل صورتوں میں کیا گیا ہے۔
ٹی ایکس: آر ایکس: اسٹینڈ بائی = ۵:۵:۹۰، پاور سیو فنکشن: آٹو سیٹنگ فعال ہے۔

*2 آپریٹنگ کے دورانیے کا انحصار الکلائین سیل پر ہے۔

بیٹری کی احتیاط

- بیٹری پیک کے ٹرمینلز کو ہرگز شارٹ نہ کریں (یا ٹرانسیور کے ٹرمینلز کو چارجنگ کے وقت)۔ کرنٹ قریبی دھاتی اشیاء مثلاً نیکلس وغیرہ لہذا بیٹری پیکس (یا ٹرانسیور) کو دستی بیگ میں رکھتے وقت محتاط رہیں یعنی دھاتی اشیاء نیکلس وغیرہ کے قریب رکھنا شارٹ کا باعث بن سکتا ہے۔ یہ نا صرف بیٹری پیک بلکہ ٹرانسیور کو بھی خراب کر سکتا ہے۔
- استعمال شدہ بیٹری پیک کو آگ میں مت جلائیں، بیٹری میں موجود گیس دھماکے کا موجب بن سکتی ہے۔
- بیٹری پیک کو پانی میں مت ڈبوئیں۔ اگر بیٹری پیک تر ہو جائیں تو ٹرانسیور میں لگانے سے پہلے اس کو خشک کر لیں۔
- ابتر یا کمزور رابطے سے بچاؤ کے لئے بیٹری ٹرمینلز کو صاف رکھیں۔
- بیٹری کنیکٹس کو صاف رکھیں بہتر ہے کہ ہفتے میں ایک بار بیٹری ٹرمینلز کو صاف کر لیا کریں۔

اگر آپ دیکھیں کہ چارج کرنے کے بعد بیٹری پیک میں چارج نہیں ہے تو ٹرانسیور کو ساری رات کے لئے آن چھوڑیں تا کہ یہ مکمل طور پر ڈسچارج ہو جائے۔ اس کے بعد بیٹری پیک کو دوبارہ مکمل چارج کریں اگر اب بھی یہ چارج نہیں ہو رہی ہو (یا تھوڑا بہت چارج ہو رہی ہو) تو ایک نئی بیٹری پیک خریدنا لازم ہے۔ (صفحہ نمبر ۶۲)

■ بیٹری چارجنگ

◇ BC-146 کے ساتھ چارجنگ کرنا

ٹرانسیور کے ساتھ منسلک یا غیر منسلک بیٹری کو BC-146 ریگولر (رسمی) چارجنگ فراہم کرتا ہے۔ درج ذیل اشیاء اضافی طور پر درکار ہوتی ہیں۔

- اضافی AC ایڈاپٹر (BC-146 کے ساتھ ایک عدد AD-99 مہیا کیا جاتا ہے)

صحیح چارجنگ کے لئے رخ کو چیک کریں۔ (AD-99 کے ساتھ داخل کریں)

پاور کو آف کریں۔



BC-146 +AD-99

◇ AD-99 کے بارے میں

سپیسر (B/C) کو ایڈاپٹر (A) کے ساتھ صحیح رخ میں نیچے دی گئی شکل کے مطابق منسلک کریں۔



- سپیسر (B/C) کو ایڈاپٹر (A) کے ساتھ صحیح رخ میں اس طرح منسلک کریں کہ () کا نشان اوپر کی جانب اشارہ کر رہا ہو۔

جب اسپیسر (B/C) کو ہٹانا ہو تو نوچ کو انگلی کی مدد سے نہایت احتیاط سے دبائیں۔ اسپیسر (B/C) کو ایڈاپٹر (A) سے ہٹائیں۔



احتیاط

- نوچ کو پیچ کس وغیرہ سے بالکل نہ دبائیں اور نہ ہی دھکیلیں۔
- جب اسپیسر اور ایڈاپٹر آپس میں جڑے نہ ہوں تو نوچ کو خم نہ دیں۔ یہ نوچ کے پلاسٹک کو کمزور کرنے کا باعث ہوسکتا ہے۔ دونوں صورتوں میں نوچ ٹوٹ بھی سکتا ہے اور دوبارہ منسلک ہونے کے قابل نہ ہو سکے گا۔

◇ BC-144 کے ساتھ تیز ترین چارجنگ کرنا

ٹرانسیور کے ساتھ منسلک یا غیر منسلک بیٹری کو اختیاری BC-144 تیز ترین چارجنگ فراہم کرتا ہے۔ درج ذیل اشیاء اضافی طور پر درکار ہوتی ہیں۔

- اضافی AC ایڈاپٹر (BC-144/146 کے ساتھ ایک عدد AD-99 مہیا کیا جاتا ہے)



◇ BC-121N+AD-94(#11) کے ساتھ تیز ترین چارجنگ کرنا

اختیاری BC-121N بیک وقت چھ بیٹری پیکس کو تیز ترین چارجنگ فراہم کرتا ہے۔ درج ذیل اشیاء اضافی طور پر درکار ہوتی ہیں۔

- چھ عدد **AD-94(#11)**
- اضافی AC ایڈاپٹر (BC-124: ورژن پر منحصر ہے کہ BC-121N کے ساتھ مہیا ہو۔)



■ چارجنگ کے متعلق نوٹ

ٹرانسیور کو پہلی بار استعمال کرنے سے پہلے بیٹری پیک فل چارج ہونے چاہئے تاکہ ان کا کام اور لائف زیادہ سے زیادہ ہو۔

- چارجنگ کے لئے موزوں درجہ حرارت کی حد

+10 C to +40 C (+50 F to 140 F)

- ہمیشہ ٹرانسیور کے ساتھ مہیا کیا گیا چارجر ہی استعمال کریں یا اختیاری چارجر (تیز ترین چارجنگ کے لئے BC-119N/121N/144 یا ریگولر چارجنگ کے لئے BC-146) استعمال کریں۔ دوسری کمپنیوں کے چارجز ہرگز استعمال نہ کریں۔

اختیاری بیٹری پیکس BP-222, BP-209, BP-210 کے ساتھ ری چارج ایبل Ni-Cd بیٹریز (Ni-MH:BP-210) شامل ہوتی ہیں اور ان کو کم وبیش تین سو بار چارج کیا جا سکتا ہے۔ ٹرانسیور کو آپریٹ کرنے سے پہلے چارج کریں یا پھر چارج کے ختم ہونے پر دوبارہ چارج کریں۔

اگر آپ بیٹری پیک کو تین سو بار سے زیادہ چارج کرنا چاہتے ہوں تو درج ذیل نکات کا مشاہدہ ضروری ہے۔

- اوور چارجنگ سے گریز کریں۔ چارجنگ کا دورانیہ چوبیس گھنٹوں سے کم ہونا چاہئے۔
- عام حالات میں بیٹری کو اس وقت تک استعمال کریں جب تک اس کا چارج مکمل طور پر ختم نہ ہو جائے۔ ہم تجویز کرتے ہیں کہ جب ٹرانسمیٹنگ ناممکن ہو جائے تو بیٹری کو چارج کر لیں۔

◇ بیٹری پیک لائف

اگر بیٹری پیک کو مکمل چارج کر لینے کے بعد بھی آپریٹنگ کا دورانیہ بہت کم رہ جائے تو ایک نئی بیٹری پیک درکار ہوگی۔

■ بیٹری کیس (کچھ ورژن کے لئے اختیاری)

جب ٹرانسیور کے ساتھ منسلک BP-208 بیٹری کیس استعمال کر رہے ہوں تو چھ عدد AA (R6) سائز کی الکلائن بیٹریز دی گئی شکل کے مطابق تنصیب کریں۔



◇ احتیاط

- صرف الکلائین بیٹریز کا استعمال کریں۔
- اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام بیٹریز ایک ہی کمپنی، قسم اور گنجائش کی ہوں۔
- پرانی اور نئی بیٹریز کو مکس نہ کریں۔

اوپر دی گئی صورتوں کو نظر انداز کرنے پر آگ لگنے یا ٹرانسیور کے خراب ہونے کا اندیشہ ہوسکتا ہے۔

- استعمال شدہ بیٹریز کو ہرگز مت جلائیں ورنہ بیٹری کی اندرونی گیس ان کے پھٹنے کا باعث بن سکتی ہے۔
- علیحدہ کی گئی بیٹری کیس کو پانی کے سامنے مت کھولیں۔ اگر بیٹری کیس تر ہو جائیں تو استعمال سے پہلے اسے ضرور خشک کرلیں۔

باب نمبر۴

بنیادی عملیات

Basic Operations

■ پاور کو آن کرنا

ٹرانسیور کو آن کرنے کے لئے [POWER] کو ایک سیکنڈ کے لئے دبائیں۔



■ فریکونسی کو سیٹ کرنا

◇ کی پیڈ کے ذریعے

بصورت ضرورت VFO موڈ کو منتخب کرنے کے لئے [D• CLR] دبائیں۔

مطلوبہ فریکوئنسی کو درج کرنے کے لئے ۶ ہندسے (جو کہ ۱۰۰ میگا ہرٹز سے شروع ہوتے ہیں) درج کریں۔

- فریکوئنسی کو سیٹ کرنے لئے تین سے پانچ تک ہندسے درج کریں پھر [#•ENT] دبائیں۔
- اگر کوئی ہندسہ غلطی سے درج ہو گیا ہو تو اس کو مٹانے کے لئے [D• CLR] دبائیں۔

- مثال نمبر ۱: 145.525 میگا ہرٹز کی فریکوئنسی کو درج کرنا

دبائیں

- مثال نمبر ۲: 144.800 میگا ہرٹز کی فریکوئنسی کو درج کرنا

دبائیں

◇ دوسرے طریقوں سے

[▲]/[▼] اپ/ڈاؤن کیز کی مدد سے

مطلوبہ فریکونسی کو سیٹ کرنے کے لئے اپ/ڈاؤن کیز [▲]/[▼] کو متعدد بار دبائیں۔

- ایک بار کا دبانا (پُش) منتخب شدہ فریکونسی میں ایک سٹیپ بڑھاتا یا کم کرتا ہے۔ ٹیوننگ سٹیپ کی تفصیل کے لئے صفحہ نمبر ۱۸ ملاحظہ کریں۔

[VOL] کے فنکشن کو منتقل کرنا (دوسرے کام کے لئے)

فریکونسی کی ٹیوننگ کے لئے بطور ٹیوننگ ڈائیل اپ/ڈاؤن کیز [▲]/[▼] کی بجائے [VOL] کنٹرول کو بھی استعمال کیا جاسکتا ہے۔ تاہم جب [VOL] کنٹرول بطور ٹیوننگ ڈائیل کام کرتا ہے تو اپ/ڈاؤن کیز [▲]/[▼] بطور AF والیم کنٹرول کام کرتا ہے۔



❶ جب اپ/ڈاؤن کیز [▲]/[▼] کو دبایا جائے تو ابتدائی سیٹ موڈ میں انٹر ہونے کے لئے پاور کو آن کریں۔

❷ ڈائیل ایسائنمنٹ آئیٹم "tOP" کو منتخب کرنے کے لئے [▲]/[▼] کو متعدد بار دبائیں۔

❸ کنڈیشن کو منتخب کرنے کے لئے [VOL] کو گھمائیں۔

[VOL] بطور ٹیوننگ ڈائیل کام کر رہا ہے۔ [VOL] بطور AF والیم کنٹرول کام کر رہا ہے۔

④ سیٹ موڈ سے نکلنے کے لئے [#•ENT] دبائیں۔

◇ ٹیوننگ سٹیپ سلیکشن

IC-V8 آٹھ ٹیوننگ اسٹپس پر مشتمل ہے۔

5,10,12.5؛15,20,25,30,50KHz

ٹیوننگ اسٹپس سیٹ موڈ میں قابل انتخاب ہوتے ہیں۔



۱۔ سیٹ موڈ میں داخل ہونے کے لئے [A•FUNC] کو دبانے کے بعد [8•SET] کو دبائیں۔

۲۔ ٹیوننگ اسٹیپ آئیٹم کو منتخب کرنے کے لئے اپ/ڈاؤن کیز [Up]/[Dn] کو متعدد بار دبائیں۔

۳۔ مطلوبہ ٹیوننگ اسٹیپ کو منتخب کرنے کے لئے [VOL] کو گھمائیں۔

۴۔ سیٹ موڈ سے نکلنے کے لئے [# . ENT =+] دبائیں۔

آڈیو/اسکوپلچ لیول کی سیٹنگ

◇ آڈیو لیول کو سیٹ کرنا

سگنل وصول ہونے کے دوران آواز کی مطلوبہ مقدار حاصل کرنے کے لئے [VOL] کو گھمائیں۔

- جب کوئی سگنل وصول نہ ہو رہا ہو تو [SQL] کو دبا کر رکھیں جبکہ آڈیو لیول سیٹ کیا جا چکا ہو۔
- جب [VOL] بطور ٹیوننگ ڈائیل کام کر رہا ہو تو آڈیو آؤٹ پٹ کو ایڈجسٹ کرنے کے لئے [Up]/[Dn] کیز کو دبائیں۔ (صفحہ نمبر ۱۷، ۵۳)



◇ اسکوپلچ لیول کو سیٹ کرنا

اسکوپلچ لیول کو سیٹ کرنے کے لئے [SQL] کو دبا کر رکھتے ہوئے [Up]/[Dn] کیز کو دبائیں۔

اسکوپلچ لیول "1" کمزور اسکوپلچ جبکہ "10" طاقتور اسکوپلچ ہے۔

جب [VOL] بطور ٹیوننگ ڈائیل کام کر رہا ہو تو [SQL] کو دبا کر رکھتے ہوئے [VOL] کو گھمائیں۔ (صفحہ نمبر ۱۷، ۵۳)

آواز وصول اور نشر کرنا (ریسیو اینڈ ٹرانسمٹ)

۱۔ ٹرانسیور کو آن کرنے کے لئے [POWER] کو ایک سیکنڈ کے لئے دبائیں۔

۲۔ آواز کو مطلوبہ سطح پر سیٹ کریں۔

۳۔ فریکونسی سیٹ کریں۔ جب سگنل وصول ہو رہے ہوں تو

× اسکوئیلچ اوپن ہو جاتا ہے اور آواز اسپیکر سے باہر آ رہی ہوتی ہے۔

× سگنل اینڈ یکیٹر متعلقہ سگنل کی قوت کو دکھاتا ہے۔

۴۔ [A FUNC] کو دبائیں، پھر آؤٹ پٹ پاور کے درمیان ٹاگل (زیادہ (High) یا کم (Low)) کے لئے [9 H/L] کو دبائیں۔

× جب کم آؤٹ پٹ پاور منتخب ہو تو اسکرین پر "L" ظاہر ہوگا۔

۵۔ ٹرانسمٹ (آواز کو نشر کرنے) کے لئے [PTT] کو دبا کر رکھیں پھر مائیکروفون میں بولیں۔

× اسکرین پر "TX" ظاہر ہوگا۔

× مائیکروفون کو اپنے منہ کے بہت قریب مت رکھیں یا بہت اونچا مت بولیں۔ اس سے سگنل خراب ہو سکتے ہیں۔

× آواز وصول کرنے کے لئے [PTT] کو چھوڑیں۔

نوٹ: کمزور سگنلز کو سننے کے لئے [SQL] کو دبا کر رکھیں جو کہ اسکوئیلچ کو اوپن نہیں کرتا۔

کی لاک فنکشن

کی لاک فنکشن حادثاتی طور پر فریکونسی کے بدلنے یا فنکشن کے فعال ہونے سے بچاتا ہے۔

[A FUNC] کو دبائیں، پھر آن/آف میں ٹاگل کے لئے [# ENT =>] کو دبائیں۔



جب لاک فنکشن فعال ہو تو اسکرین پر "🔑" کا نشان ظاہر ہوگا

[POWER],[PTT],[VOL],[SQL] کو لاک فنکشن کے فعال ہونے کے باوجود بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

ڈسپلے کی اقسام (ابتدائی سیٹ موڈ کو استعمال کرتے ہوئے)

آپ کے آپریٹنگ کے مختلف انداز کے لئے ٹرانسیور میں تین اقسام کا ڈسپلے ہے۔ڈسپلے کی اقسام کو ابتدائی سیٹ موڈ میں منتخب کیا جاتا ہے۔(صفحہ نمبر ۵۳) یہ تین اقسام درج ذیل ہیں۔

۱۔ فریکونسی انڈیکیشن



یہ فریکونسی کو اسکرین پر دکھاتا ہے۔

۲۔ چینل نمبر انڈیکیشن



میموری چینل نمبر کو اسکرین پر دکھاتا ہے۔اس قسم میں صرف پہلے سے پروگرام کئے گئے میموری چینل نمبرز ہی ڈسپلے ہوتے ہیں۔VFO موڈ کو منتخب نہیں کیا جاسکتا۔

× جب چینل انڈیکیشن کی قسم منتخب ہو تو صرف درج ذیل فنکشن ہی کام میں لائے جاسکتے ہیں۔

- اسکین فنکشن (صفحہ ۳۲)
- آؤٹ پٹ پاور کی سیٹنگ (صفحہ ۱۹)
- DTMF میموری فنکشن (صفحہ ۳۰)
- کی لاک فنکشن (صفحہ ۱۹)

سکین کو روکنے کے دورانئے کی سیٹنگ، فنکشن کی کے دورانئے کی سیٹنگ اور LCD بیک لائٹنگ کی سیٹنگ (صفحہ ۴۹)

۳۔ چینل نیم انڈیکیشن



یہ اسکرین پر وہ نام دکھاتا ہے جو آپ نے چینل کو دے رکھا ہے۔

اس قسم میں صرف پہلے سے پروگرام کئے گئے میموری چینل کے نام ہی ڈسپلے ہوتے ہیں۔VFO موڈ کو منتخب کیا جا سکتا ہے۔منتخب شدہ میموری چینل میں پروگرام کی گئی فریکونسیز کی نشاندہی pre-prgrammed کے طور پر کی جاتی ہے۔آپریٹنگ فریکونسی کو ڈسپلے کرنے کے لئے [SQL] کو دبا کر رکھیں۔

باب نمبر ۵

ریپیٹر آپریشنز

Repeater Operations

عام

جب ریپیٹر کا استعمال ہو رہا ہو تو آف سیٹ فریکونسی کے ذریعے نشر ہونے فریکونسی وصول ہونے والی فریکونسی کی طرف منتقل ہو جاتی ہے۔میموری چینلز میں ریپیٹر انفارمیشن کی پروگرامنگ کرنا نہایت آسان ہے۔

۱۔ ریسیو فریکونسی سیٹ کریں۔(ریپیٹر آؤٹ پٹ فریکونسی)

۲۔[A.FUNC] دبائیں، پھر ''+'' یا ''-'' کو منتخب کرنے کے لئے [4.DUP] کو متعدد بار دبائیں۔

× ''-'' اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ ٹرانسمٹ فریکونسی ڈاؤن ہے اور ''+'' اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ فریکونسی اپ ہے۔× ''+'' یا ''-'' کا بلنک کرنا اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ ریزوڈ ڈپلیکس موڈ منتخب ہوا ہے(سیٹ موڈ)(صفحہ۲۲)

۳۔ [A.FUNC] دبائیں، پھر سب آڈیو ایبل ٹون انکوڈر کو فعال کرنے کے لئے[1.TONE] کو دبائیں۔(بصورتِ ضرورت)

'!'' کا نشان اسکرین پر ظاہر ہو جاتا ہے۔

× مطلوبہ سب آڈیو ایبل ٹون فریکونسی کو منتخب کریں۔(بصورتِ ضرورت)(صفحہ۲۲)

۴۔ ٹرانسمٹ کرنے کے لئے[PTT] کو دبا کر رکھیں۔

× ڈسپلے ہونے والی فریکونسی خود بخود ٹرانسمٹ فریکونسی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔(ریپیٹر ان پٹ فریکونسی)

×اگر اسکرین پر"OFF" لکھا ہوا ظاہر ہو تو آف سیٹ فریکونسی اور ڈائریکشن (سمت) چیک کریں۔(صفحہ۲۲)

۵۔ آواز وصول کرنے کے لئے[PTT] کو چھوڑیں۔

۶۔ اگر آپ یہ دیکھنا چاہیں کہ آیا دوسرے سٹیشن سے ٹرانسمٹ ہونے والے سگنل براہ راست وصول ہوتے ہیں یا نہیں تو [SQL] کو دبا کر رکھیں۔

ریزروڈ ڈپلیکس موڈ کے بارے میں

جب ریزروڈ ڈپلیکس موڈ منتخب ہو تو ریسیو ہونے والی فریکونسی تبدیل ہو جاتی ہے۔(نارمل ڈپلیکس موڈ میں ٹرانسمٹ ہونے والی فریکونسی تبدیل ہو جاتی ہے۔)درج ذیل حالتوں میں تمام ٹرانسمٹ اور ریسیو ہونے والی

فریکونسی کو نیچے دیئے گئے ٹیبل میں دکھایا گیا ہے۔

درج کی گئی فریکونسی: 145.30MHz

سمت: منفی (Negative)

آف سیٹ فریکونسی: 0.6 MHz

آف سیٹ فریکونسی (سیٹ موڈ کا استعمال کرتے ہوئے)

جب ریپیٹر کے ذریعے بات چیت ہو رہی ہو تو ٹرانسمٹ ہونے والی فریکونسی وصول ہونے والی فریکونسی آف سیٹ فریکونسی میں دی گئی مقدار کے مطابق بدل جاتی ہے۔

۱۔ سیٹ موڈ میں داخل ہونے کے لئے [A FUNC] کو دبانے کے بعد [8 SET] کو دبائیں۔

۲۔ اپ/ڈاؤن کیز [Up]/[Dn] کو متعدد بار دبائیں حتی کہ آف سیٹ فریکونسی اور ± کا نشان اسکرین پر ظاہر ہو جائے۔

۳۔ مطلوبہ آف سیٹ فریکونسی کو منتخب کرنے کے لئے [VOL] کو گھمائیں۔

× IC-V8 آٹھ ٹیوننگ اسٹیپس پر مشتمل ہے۔ 5,10,12.5,15,20,25,30,50KHz ٹیوننگ اسٹیپس سیٹ موڈ میں قابل انتخاب ہوتے ہیں۔

× ڈسپلے ہونے والی فریکونسی کی اکائی "MHz" ہے۔

۴۔ آف سیٹ فریکونسی کو فکس کرنے اور سیٹ موڈ سے نکلنے کے لئے [+= ENT . #] دبائیں۔

سب آڈیو ایبل ٹونز (سیٹ موڈ کا استعمال کرتے ہوئے)

کچھ ریپیٹر تک رسائی کے لئے سب آڈیو ایبل ٹونز کی ضرورت ہوتی ہے۔ سب آڈیو ایبل ٹونز آپ کے نارمل سگنل کے اوپر سیٹ ہوتے ہیں اور ضروری ہے کہ اسے پہلے ہی سے سیٹ کر لیا جائے۔

۱۔ سیٹ موڈ میں داخل ہونے کے لئے [A FUNC] کو دبانے کے بعد [8 SET] کو دبائیں۔

۲۔ اپ/ڈاؤن کیز [Up]/[Dn] کو متعدد بار دبائیں حتی کہ ''rt'' کا نشان اسکرین پر ظاہر ہو جائے۔

۳۔ مطلوبہ سب آڈیو ایبل ٹون کو منتخب کرنے کے لئے [VOL] کو گھمائیں۔

۴۔ منتخب شدہ ٹون کو درج کرنے کے لئے اور سیٹ موڈ سے نکلنے کے لئے [+= ENT . #] دبائیں۔

سب آڈیو ایبل ٹونز کی دستیاب فریکونسیز

(اکائی: ہرٹز)

67.0	79.7	94.8	110.9	131.8	156.7	171.3	186.2	203.5	229.1
69.3	82.5	97.4	114.8	136.5	159.8	173.8	189.9	206.5	233.6
71.9	85.4	100.0	118.8	141.3	162.2	177.3	192.8	210.7	241.8
74.4	88.5	103.5	123.0	146.2	165.5	179.9	196.6	218.1	250.3
77.0	91.5	107.2	127.3	151.4	167.9	183.5	199.5	225.7	254.1

◇ ٹون کی معلومات

کچھ ریپیٹر تک رسائی کے لئے دوسرے ٹون سسٹم کی ضرورت ہوتی ہے۔

ڈی ٹی ایم ایف ٹونز

ڈی ٹی ایم ایف ٹونز کو نشر کرنے کے لئے مطلوبہ ڈی ٹی ایم ایف کیز (صفر سے لیکر نو تک، اے سے لیکر ایف تک) کوئی سی بھی کی دبائیں۔

ٹرانسیور میں 5 ڈی ٹی ایم ایف میموری چینل ہوتے ہیں۔

1750 ہرٹز ٹون

1750 ہرٹز ٹون کو نشر کرنے کے لئے [PTT] کو دبا کر رکھتے ہوئے اپ/ڈاؤن کیز کو دبائیں۔

ٹون اسکین فنکشن

جب آپ کو ریپیٹر کے لئے سب آڈیو ایبل ٹون کا علم نہ ہو تو ٹون فریکونسی کو جانچنے کے لئے ٹون اسکین نہایت موزوں طریقہ ہے۔

[A FUNC] کو دبائیں پھر ٹون اسکین شروع کرنے کے لئے [3 T.SCAN] کو دبائیں۔

مطلوبہ فریکونسی معلوم ہونے پر اسکیننگ رک جاتی ہے۔

آٹو ریپیٹر فنکشن (برائے یو ایس اے ورژن)

جب آپریٹنگ فریکونسی عام ریپیٹر آؤٹ پٹ فریکونسی کی حد میں گر (ختم) ہو جاتی ہے تو USA ورژن خود بخود ریپیٹر سیٹنگ (ڈپلیکس، آن/آف، ڈپلیکس کی سمت، ٹون انکوڈر آن/آف) کو فعال کر دیتا ہے۔ آٹو ریپیٹر فنکشن کے باعث آف سیٹ اور ریپیٹر ٹون فریکونسیز تبدیل نہیں ہوتیں۔ اگر ضرورت پڑے تو ان فریکونسیز کو دوبارہ سیٹ کریں۔

۱۔ اپ/ڈاؤن کیز [Up]/[Dn] کو دبا کر رکھتے ہوئے پاور کو آن کریں تا کہ آپ ابتدائی سیٹ موڈ میں داخل ہو جائیں۔

۲۔ اپ/ڈاؤن کیز [Up]/[Dn] کو متعدد بار دبائیں حتیٰ کہ ''r t'' کا نشان اسکرین پر ظاہر ہو جائے۔

۳۔ مطلوبہ صورتوں کو منتخب کرنے کے لئے [VOL] کو گھمائیں۔

× "OF" ..... آٹو ریپیٹر فنکشن آف ہے۔



× "R1" ..... آٹو ریپیٹر فنکشن صرف ڈپلیکس کے لئے آن ہے۔



× "R2" ..... آٹو ریپیٹر فنکشن ڈپلیکس اور ٹون کے لئے آن ہے۔



۴۔ ابتدائی سیٹ موڈ سے نکلنے کے لئے [+= ENT . #] دبائیں۔

فریکونسی کی حد اور آف سیٹ ڈائریکشن

Frequency range and offset direction

FREQUENCY RANGE	DUPLEX DIRECTION
145.200Ð145.495 MHz 146.610Ð146.995 MHz	ÒÐÓappears
147.000Ð147.395 MHz	Ò-Óappears

باب نمبر ٦

میموری کال آپریشنز

Memory/Call Operations

عمومی

ٹرانسیور میں عام استعمال ہونے والے فریکونسی کو محفوظ کرنے کیلئے 100 میموری چینلز ہوتے ہیں۔(بشمول اس کی اسکین ایجز کے تین جوڑے اور ایک کال چینل)

◇ میموری چینل کی تفصیل

میموری میں مندرجہ ذیل معلومات پروگرام کی جاسکتی ہیں۔

× آپریٹنگ فریکونسی

× کسی آف سیٹ فریکونسی کے ساتھ ڈپلیکس ڈائریکشن (مثبت یا منفی) (صفحہ ۲۱،۲۲)

× سب آڈیو ایبل ٹون انکوڈر یا ٹون اسکوئیلچ آن/آف (صفحہ ۲۱،۳۷)

× سب آڈیو ایبل ٹون اور ٹون اسکوئیلچ فریکونسیز (صفحہ ۲۲،۳۸)

× اسکیپ کی معلومات (صفحہ ۳۴)

میموری چینل کو منتخب کرنا

Push [C MR]



۱۔ میموری موڈ کو منتخب کرنے کے لیے [C.MR] کو دبائیں۔

× اسکرین پر "MR" ظاہر ہو جائے گا۔

Push [1 TONE] [2 P.BEEP]

۲۔ مطلوبہ میموری چینل کو منتخب کرنے کے لیے دو ہندسے درج کریں یا ([UP]/[DN] کیز دبائیں)

× 0 سے 9 تک والے میموری چینلز سے پہلے "0" لگے گا۔

× جب [VOL] بطور ٹیوننگ ڈائل ہو تو میموری چینل کو منتخب کرنے کیلئے [VOL] کو گھمائیں۔(صفحہ ۱۷،۵۳)

کال چینل کو منتخب کرنا

Push [B CALL]



کال چینل کر منتخب کرنے کے لیے [B.CALL] کو دبائیں۔

× اسکرین پر میموری چینل نمبر کی بجائے "C" لکھا ہوا نظر آئے گا

× میموری موڈ یا VFO کو منتخب کرنے کے لیے بالترتیب [C.MR] اور [D.CLR] دبائیں۔

میموری/کال چینل کی پروگرامنگ کرنا

۱۔اگرضرورت پڑےتوVFOموڈکومنتخب کرنے کے لیے[D.CLR]دبائیں۔

۲۔مطلوبہ فریکونسی کوسیٹ کریں۔

۳۔دیگرمعلومات مثلاٹون،ڈپلیکس وغیرہ کوحسب ضرورت سیٹ کریں۔

۴۔[A.FUNC]کودبائیں پھرکچھ وقفے کے بعد[C.MR]دبائیں۔

×اسکرین پر"MR"اورمیموری چینل نمبربلنک کرے گا۔

۵۔مطلوبہ میموری چینل کومنتخب کرنے کے لیے[UP]/[DN]کیز دبائیں۔

×جب کال چینل کی پروگرامنگ کررہے ہوں تو"C"منتخب کریں۔

×جب [VOL]بطورٹیوننگ ڈائل ہوتو میموری چینل کو منتخب کرنے کے لیے[VOL] کوگھمائیں۔(صفحہ۵۳،۱۷)



۶۔منتخب شدہ میموری چینل میں معلومات کی پروگرامنگ کے لیے اور VFOمیں واپس آنے کے لیے [A.FUNC] کودبائیں پھرایک سیکنڈ کے لیے [C.MR]دبائیں (حتی کہ تین بیپ کی آواز سنائی دے)۔

×اگلے میموری چینل کوظاہرکرنے کے لئے[C.MR]کومزیدایک سیکنڈ کے لئے دباکررکھیں(حتی کہ تین بیپ کی آواز سنائی دے)۔

چینل کے نام کی پروگرامنگ کرنا



ابتدائی سیٹ موڈ میں ''چینل نیم انڈیکیشن'' کو منتخب کریں۔

۲۔اگر ضرورت پڑے تو میموری موڈ کو منتخب کرنے کے لیے [C.MR] کو دبائیں۔

۳۔چینل کے نام کی پروگرامنگ والے موڈ میں داخلے کے لیے [A.FUNC] کو دبائیں پھر [8.SET] کو دبائیں۔

×جس حرف کی ردوبدل کرنی ہوگی وہ بلنک کرے گا۔

۴۔حرف کو منتخب کرنے کے لیے [VOL] کو گھمائیں۔

۵۔دائیں جانب حرکت کے لیے [UP] اور بائیں جانب حرکت کے لیے [DN] دبائیں۔

×چینل کے نام کے لیے پانچ حروف استعمال کئے جاسکتے

×قابل استعمال حروف یہ ہیں۔A-Z,0-9,"Space",+,-,=,*,/,[,and]

۶۔نام کو فکس کرنے اور چینل کے نام کی پروگرامنگ والے موڈ سے نکلنے کیلئے [#.ENT >] کو دبائیں۔

میموری کو منتقل کرنا

میموری (کال) چینل کی تفصیلات کو VFO یا کسی دوسرے میموری چینل میں منتقل کی جاسکتی ہیں۔

◇ میموری/کال ⇦ VFO

ا۔جس میموری (کال) چینل کو منتقل کرنا ہو اسے منتخب کریں۔

×میموری (کال) موڈ کو منتخب کرنے کے لیے [C.MR] یا [B.CALL] کو دبائیں۔

×میموری چینل کو منتخب کرنے کے لیے [UP] یا [DN] دبائیں۔

×جب [VOL] بطور ٹیوننگ ڈائل ہو تو میموری چینل کو منتخب کرنے کے لیے [VOL] کو گھمائیں۔ (صفحہ ۵۳،۱۷)

۲۔منتخب شدہ میموری چینل کی تفصیلات کوVFOمیں منتقل کرنے کے لیے[A.FUNC]کودبائیں پھرایک سیکنڈ کے لیے [C.MR] کودبائیں۔

×VFOموڈخودبخودمنتخب شدہ ہے۔

◇ میموری/کال ⇦ کال/میموری

ا۔جس میموری (کال) چینل کومنتقل کرنا ہواسے منتخب کریں۔

×میموری (کال) موڈکومنتخب کرنے کے لیے[C.MR]یا[B.CALL] کودبائیں۔

×میموری چینل کومنتخب کرنے کے لیے[UP]یا[DN]دبائیں۔

×جب [VOL]بطورٹیوننگ ڈائل ہوتومیموری چینل کومنتخب کرنے کے لیے[VOL] کوگھمائیں۔

(صفحہ۱۷،۵۳)

۲۔[A.FUNC] کودبائیں پھرکچھ وقفے کے بعد[C.MR] کودبائیں۔

×اسکرین پر"--"اور"MR"بلنک کریگا۔

۳۔میموری چینل کومنتخب کرنے کے لیے[UP]یا[DN]دبائیں۔

×جب [VOL]بطورٹیوننگ ڈائل ہوتومیموری چینل کومنتخب کرنے کے لیے[VOL] کوگھمائیں۔

(صفحہ۱۷،۵۳)

۴۔[A.FUNC] کودبائیں پھرایک سیکنڈ کے لیے[C.MR] کودبائیں۔

×میموری موڈمنتخب شدہ ہےاورتمام معلومات منتقل ہوچکی ہے۔

◇ میموری کو صاف کرنا

۱۔میموری ٹرانسفر موڈ میں داخلے کے لیے۴۔[A.FUNC] کو دبائیں پھر[C.MR] کو دبائیں۔

×اسکرین پر میموری چینل نمبر اور"MR"بلنک کریگا۔

۲۔جس میموری چینل کو صاف کرنا ہوتو اسے منتخب کرنے کے لیے[UP]یا[DN] کو دبائیں۔

×جب [VOL]بطور ٹیوننگ ڈائل ہوتو میموری چینل کو منتخب کرنے کے لیے[VOL] کو گھمائیں۔(صفحہ۵۳،۱۷)

×کال چینل کو صاف نہیں کیا جاسکتا ہے۔



۳۔ [A.FUNC] کو دبائیں پھر کچھ وقفے کے بعد[C.MR] کو دبائیں۔

۴۔ [A.FUNC] کو دبائیں پھر ایک سیکنڈ کے لیے[C.MR] کو دبائیں۔

×عمل نمبر3اور4 کو ڈیڑھ سیکنڈ کے اندر اندر مکمل کریں ورنہ میموری کو صاف کرنے کا عمل منسوخ ہوجائے گا اور ٹرانسیور میموری موڈ میں واپس چلا جائے گا۔

×منتخب شدہ میموری چینل کی تفصیلات صاف ہوچکی ہیں۔

۵۔ریگولر آپریشن کی طرف واپس آنے کے لیے[D.CLR] کو دبائیں۔

باب نمبر ۷

ڈی ٹی ایم ایف میموری

DTMF Memory

DTMF کوڈ کی پروگرامنگ کرنا

ٹرانسیور میں اکثر استعمال ہونے والے چوبیس ہندسوں تک کے DTMF کوڈز کو محفوظ کرنے کے لیے پانچ DTMF میموری چینل ہوتے ہیں۔

d0 1 1881

۱۔DTMF میموری میں داخلے کے لیے [A.FUNC] کو دبائیں اور پھر [0.DTMF-M] کو دبائیں۔

d0 _ _ _ _ _

×"d0" سے لیکر "d4" میں سے کوئی ایک اسکرین پر ظاہر ہو جائے گا۔

۲۔مطلوبہ چینل کو منتخب کرنے کے لیے [VOL] کو گھمائیں۔

۳۔DTMF پروگرامنگ موڈ میں داخلے کے لیے [A.FUNC] کو دبائیں پھر ایک سیکنڈ کے لیے [0.DTMF-M] کو دبائیں ۔

× "---" ظاہر ہو جائے گا

× پروگرام کی ہوئی میموریز کو اس طریقے سے صاف کیا جا سکتا ہے۔

۴۔مطلوبہ DTMF کوڈ کو درج کرنے کے لیے [#.ENT ->] اور [*.OPTION], [D.CLR] C.MR], [B.CALL], [A.FUNC] کو دبائیے

× زیادہ سے زیادہ ۲۴ ہندسے درج کئے جا سکتے ہیں۔

× [*.OPTION] کو بطور "E" اور [#.ENT ->] کو بطور "F" درج کیا جاتا ہے۔

× اگر کوئی ہندسہ غلطی سے درج ہو جائے تو [SQL] اور [PTT] کو وقفے وقفے سے دبائیں پھر اسٹیپ نمبر ایک سے لیکر اسٹیپ نمبر تین کو دہرائیں۔

۵۔DTMF پروگرامنگ موڈ سے نکلنے کے لیے اور ہندسوں کو درج کرنے کے لیے [SQL] اور [PTT] کو دبائیں۔

